فوری ریلیز کے لیے: 22/9/2022 **KATHY HOCHUL گورنر**

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا کہ آفس آف رینیوایبل انرجی سائٹنگ نے شمسی توانائی کی دو بڑی سہولت گاہوں کی منظوری دی ہے

کل ملا کر 320 میگاواٹ شمسی بجلی، مقامی معیشت میں 54$ ملین سے زیادہ لے کر آئے گی

2021 سے اب تک قابل تجدید توانائی کے سات بڑے پیمانے کے منصوبے منظور کیے جا چکے ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک کے دفتر برائے قابل تجدید توانائی نے Boralex's Greens Corners Solar, LLC اورCommunity Energy's Hemlock Ridge Solar LLC کو شمسی توانائی کی دو بڑی سہولت گاہیں تیار کرنے، ڈیزائن کرنے، تعمیر کرنے، چلانے، برقرار رکھنے اور ختم کرنے کے لیے سائٹنگ پرمٹ جاری کیے ہیں۔ یہ منصوبے نیو یارک کے گھروں اور کاروباری اداروں کے لیے مشترکہ طور پر 320 میگا واٹ ماحول دوست توانائی لائیں گے اور مقامی معیشتوں میں 54$ ملین سے زیادہ لے کر آئیں گے۔

"میری انتظامیہ نے گزشتہ سال سے اب تک قابل تجدید توانائی میں ہماری پیشرفت کو نمایاں طور پر تیز کیا ہے اور آج ہم موسمیاتی کارروائی میں سب سے آگے ہونے کی اپنی حیثیت کو مزید مستحکم کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم ریاست بھر میں ماحول دوست توانائی کو فروغ دینے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے رہیں گے اور یہ منصوبے ہمیں اپنے ماحولیات کے پرجوش اہداف کو عبور کرنے، اچھی تنخواہ والی ماحول دوست ملازمتیں پیدا کرنے اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک صاف ستھرا، صحت مند نیو یارک بنانے کے قریب لاتے ہیں۔"

آج کے فیصلے کو ملا کر ریاست نیو یارک کے دفتر برائے رینیوایبل انرجی سائٹنگ (ORES) نے 2021 سے اب تک سات اجازت نامے جاری کیے ہیں، جن میں سے زیادہ تر فیصلے درخواستوں کے مکمل ہونے کے چھ ماہ کے اندر کر لیے گئے۔ ان دونوں سہولیات کے لیے ORES کا فیصلہ عوامی شرکت کے ایک مضبوط عمل کے ساتھ ایک تفصیلی اور شفاف جائزے کے بعد ہوا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ مجوزہ سہولیات ایگزیکٹو قانون کی شق 94-c اور اس کے نفاذ کے ضوابط پر بروقت اور پیسے کے مؤثر استعمال کے ذریعے پورا اتریں یا ان سے بڑھ کر ہوں۔

Greens Corners شمسی توانائی سے 120 میگاواٹ (MW) بجلی پیدا کرنے کی والی ایک سہولت گاہ ہے جو جیفرسن کاؤنٹی کے قصبوں ہانس فیلڈ اور واٹر ٹاؤن میں واقع ہے۔ Hemlock Ridge Ridge شمسی توانائی سے 200 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے والی ایک سہولت گاہ ہے جو اورلینز کاؤنٹی کے قصبوں بیرے اور شیلبی میں واقع ہے۔ کل ملا کر، ان شمسی سہولت گاہوں سے اتنی توانائی پیدا ہونے کی توقع ہے جو نیو یارک کے 62,000 گھروں کو کم از کم 20 سالوں تک بجلی فراہم کرے گی اور کاربن کے اخراج میں سالانہ 476,000 میٹرک ٹن کی کمی کرے گی۔ یہ منصوبے اور قابل تجدید توانائی کی دیگر بڑی سہولت گاہیں جن کو اجازت دی گئی ہے اور فی الحال ORES کے زیر جائزہ ہیں، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ (CLCPA) کے کاربن میں کمی اور ماحول دوست توانائی کے جارحانہ اہداف کو پورا کرنے کے لیے اہم ہیں۔

دفتر برائے رینیوایبل انرجی سائٹنگ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Houtan Moaveni نے کہا، "ORES نیو یارک کے پرعزم اور ملک میں سب سے آگے، توانائی کے اہداف کی طرف حقیقی نتائج فراہم کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ ORES قابل تجدید توانائی کی تمام بڑی سہولت گاہوں کی تیاری کے دوران ہر وقت مقامی حکومتوں اور کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ کام کرنے کے اپنے عزم پر ثابت قدم ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ ایک ایسے انداز میں آگے بڑھیں جو ماحول کی حفاظت کرے اور تمام متعلقہ سماجی، اقتصادی اور ماحولیاتی عوامل پر نظر رکھے۔"

ان شمسی سہولت گاہوں سے کاؤنٹیوں، ٹاؤنز اور اسکولوں کے اضلاع کو ٹیکس کے بدلے ادائیگیوں (PILOT) کی صورت میں بنیادی ڈھانچوں، اضافی خدمات اور رہائشیوں کے لیے وسائل میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے نئی آمدنی کی توقع ہے۔ ان منصوبوں سے نجی سرمایہ کاری کی مد میں 54$ ملین سے زیادہ فراہم ہوں گے اور 400 سے زائد مختصر اور طویل مدتی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔

آج کے فیصلے دفتر کی ویب سائٹ https://ores.ny.gov/permit-applications پر جا کر حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

ریاست نیو یارک کی اتھارٹی برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا، "ریاست کے بجلی کے گرڈ کو تبدیل کرنے کے لیے ہمارے ہمہ گیر نقطہ نظر کے حصے کے طور پر نیو یارک قابل تجدید توانائی کے بڑے پیمانے کے منصوبوں کی ترقی میں مسلسل تیزی لا رہا ہے۔ ان دو منصوبوں - Greens Corner Solar اور Hemlock Ridge Solar - کی منظوری تجارتی سطح پر چلائے جانے کی طرف ان کے سفر میں ایک اہم سنگ میل ہے اور پروجیکٹ ڈویلپرز، مقامی میزبان حکومتوں اور کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کے مابین ریاست کے ماحول دوست توانائی کے اہداف کی حمایت میں ذمہ دارانہ طور پر ان منصوبوں کو سائٹ کرنے کے لیے پیداواری انداز میں اکٹھے ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔"

ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "قابل تجدید توانائی پیدا کرنے والے منصوبے نیو یارک کے پرعزم، قومی سطح پر سب سے آگے، توانائی کے اہداف اور گرین ہاؤس گیس میں کمی کے اہداف کو حاصل کرنے کی کوششوں کو آگے بڑھا رہے ہیں۔ جیسے جیسے ریاست زیادہ شمسی اور ماحول دوست توانائی پر چلائے جانے کی طرف منتقل ہو رہی ہے، ہم گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں نمایاں کمی کر رہے ہیں جو صحت عامہ کو بہتر بنائے گی، ہمارے ماحول کی حفاظت کرے گی اور تمام کمیونٹیز کے لیے زیادہ پائیدار مستقبل کو آگے بڑھائے گی۔"

ریاست نیو یارک محکمہ محنت کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا، "اس طرح کے قابل تجدید منصوبے ریاست کے ماحول دوست توانائی اور آب و ہوا کے جرات مندانہ ایجنڈے کو حاصل کرنے کے لیے اہم ہوں گے۔ اس دائرہ کار کے شمسی فارمز اتنی توانائی پیدا کرتے ہیں جو ہزاروں گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ہماری مقامی معیشتوں میں نئی زندگی پھونکنے کے لیے کافی ہے۔ آب و ہوا کی اقدامی کونسل کی ایک رکن کے طور پر، میں ان لوگوں کو مبارک باد پیش کرتی ہوں جنہوں نے ان منصوبوں کو حقیقت بنایا اور تیار شدہ نتیجے کو دیکھنے کی منتظر ہوں۔"

نیو یارک لیگ برائے کنزرویشن ووٹرز کی صدر Julie Tighe نے کہا، "گورنر Hochul کے بڑے پیمانے پر قابل تجدید توانائی کے لیے مزید 2,000 میگاواٹ کے لیے درخواستوں کے اگلے دعوت نامے کا اعلان کرنے کے صرف ایک دن بعد، نیو یارک لیگ برائے کنزرویشن ووٹرز یہ دیکھ کر بہت خوش ہے کہ قابل تجدید توانائی کے دفتر نے Greens Corner Solar اورHemlock Ridge Solar کو تیز رفتار رینیوایبل انرجی سائٹنگ اور کمیونٹی فوائد ایکٹ کے تحت شمسی توانائی کی دو نئی بڑی سہولت گاہوں کے لیے اجازت نامہ دیا ہے۔ ہم نیو یارک کو وعدوں سے منصوبوں تک لیے جانے پر گورنر کو اور ORES کو ان کے تیز رفتار، لیکن مستعد، جائزہ لینے کے عمل کے لیے سراہتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ فوری اقدام جو آب و ہوا کی تبدیلی کا تقاضا ہے کو ہماری کمیونٹیز کی دیکھ بھال کے ساتھ ساتھ چلنا ہے۔"

الائنس فار کلین انرجی نیویارک کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Anne Reynolds نے کہا، "ہمارے آب و ہوا کے اہداف ہمارے تعمیراتی اہداف بن گئے ہیں، خاص طور پر جب معاملہ ہوا اور شمسی توانائی کی سہولیات کی تعمیر کا ہو۔ یہ اچھی خبر ہے کہ دفتر برائے رینیوایبل انرجی سائٹنگ، موصول ہونے والی پرمٹ کی درخواستوں پر مستقل طور پر کام کر رہا ہے اور دو نئے شمسی منصوبوں کو کامیابی کے ساتھ اجازت نامہ دے دیا گیا ہے۔ یہ منصوبے اپنی میزبان کمیونٹیز کو ٹیکس کی آمدنی کے ساتھ ساتھ بجلی اور تعمیرات کے شعبوں میں ماحول دوست ملازمتیں فراہم کریں گے۔"

نیویارک کی ملک میں صاف توانائی کی ممتاز پہل کاری

نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاری پر ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، 1$ بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاروں کے لیے، اور 1.6$ بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک وعدوں کے لیے ہے۔ کل ملا کر، یہ سرمایہ کاریاں 2020 تک نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں تقریباً 158,000 ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں، جو کہ سولر کی تقسیم کے شعبے میں 2011 سے لے کر 2,100 فیصد اضافہ ہے؛ اور ایک عزم کہ غیر سمندری ہوا کے ذریعے 2035 تک 9,000 میگا واٹس تیار کریں گے۔ کلائمیٹ ایکٹ کے تحت، نیو یارک اس پشرفت کو بروئے کار لے کر آئے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیس کے اخراجوں کو 1990 کے مقابلے میں 85 فیصد کم کرے گا، اور ساتھ میں اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ماحول دوست سرمایہ کاریوں کے فوائد میں سے 35 فیصد کا رخ، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، پسماندہ کمیونٹیز کی طرف ہو، اور پیشرفت کو 2025 کے توانائی کے مستعد استعمال کے ہدف، حتمی صارفین کے آن سائٹ توانائی کی کھپت میں 185 ٹریلین BTU کی بچت، کی طرف بڑھائے گا

ORES کے متعلق

آفس آف رینیوایبل انرجی سائٹنگ ORES اپنی نوعیت کی پہلی ریاستی ایجنسی ہے جو مکمل طور پر قابل تجدید توانائی کی سہولت گاہوں کی ماحولیات کے حوالے سے ذمہ دار اور لاگت کے حوالے سے مؤثر سائٹنگ کے لیے وقف ہے اور اسے ایکسلریٹڈ رینیوایبل انرجی گروتھ اینڈ کمیونٹی بینیفٹ ایکٹ اپریل 2020 کے تحت قائم کیا گیا تھا۔ دفتر ماحولیاتی جائزے اور قابلِ تجدید توانائی کی اہم سہولت گاہوں کی اجازت کو منظم کرتا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ جگہ کے تعین کے فیصلے متوقع، ذمہ دار، اور مقامی حکومتوں اور میزبان علاقوں کی رائے کی بنیاد پر بروقت کیے گئے ہوں۔ 3 مارچ 2021 کو، دفتر نے ایکٹ کے نفاذ کے لیے یکساں معیارات اور شرائط کے ایک مجموعے سمیت جامع ضوابط اختیار کیے تھے۔ اس دفتر کو نیو یارک کو 2030 تک ریاست کی بجلی کا 70 فیصد قابل تجدید ذرائع سے حاصل کرنے کے قابل بنانے کے لیے بنایا گیا ہے، جیسا کہ نیو یارک کے قومی سطح پر سب سے پہلے آب و ہوا کے منصوبے کے تحت درکار ہے، جو کہ آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل ہے۔ ORES کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم www.ores.ny.gov ملاحظہ کریں۔

###